Digitzed by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۷

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ۔ عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

الفضل

روزنامہ

لاہور پاکستان

یوم سہ شنبہ

ڈیڑھ آنہ

جلد ۱	۲۳ فتح ۱۳۲۶ ہش	۱۰ صفر ۱۳۶۶ھ	۲۳ دسمبر ۱۹۴۷ء	نمبر ۸۲

بخدمت جناب ... GOTARIALA ضلع گجرات

اخبار احمدیہ

لاہور ۲۲ فتح - سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کو قدرے حرارت ہے - احباب صحت کے لئے دعا فرمائیں۔

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت خدا تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمدللہ

مکرم شیخ نور الحق صاحب انچارج ایم ۔ ای سنڈیکیٹ کا نکاح حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے طاہرہ بیگم صاحبہ بنت شیخ محمد عبداللہ صاحب آف کھاریاں کے ساتھ ایک ہزار روپیہ حق مہر پر ۲۰-۱۲ کو بعد نماز ظہر پڑھا۔ اللہ تعالیٰ مبارک کرے۔

ہمارے کشمیر کی کمان جنرل طارق کو سونپ دی جائیگی - ہم کشمیر میں ڈوگرہ راج کے خاتمہ کیلئے عمر بھر لڑنے کیلئے تیار ہیں۔

(محمود ملک)

کلرکوں کے نئے گریڈ

بمبئی ۱۸ دسمبر - تحقیقات سے معلوم ہوا ہے۔ کہ صوبہ بمبئی میں کلرکوں کی تنخواہوں کے نئے گریڈ جن کے اعلان میں اتنی تاخیر ہو گئی ہے - جنوری کے پہلے ہفتے میں مشتہر کر دئے جائینگے - (گلوب)

تقسیم فلسطین کے التوا کا امکان

دمشق ۱۸ دسمبر - اقوام متحدہ میں شام کے نمائندہ فارس الخوری مسئلہ فلسطین کے متعلق آخری فیصلہ کے سلسلہ میں بہت پر امید ہیں۔ اُنہوں نے اپنے فرزند سہیل الخوری کو تحریر کردہ ایک خط میں اپنی اس توقع کا اظہار کیا ہے۔ کہ اقوام متحدہ کے موجودہ سیاسی رجحانات کی وجہ سے تقسیم فلسطین پر عمل درآمد ملتوی ہو جائے گا۔ (گلوب)

لارڈ مونٹ بیٹن کے جانشین

راج گوپالا چاریہ ہونگے

لندن ۱۸ دسمبر ڈیلی میل کا نامہ نگار اطلاع دیتا ہے کہ چند مہینوں کے بعد جب لارڈ مونٹ بیٹن ریٹائر ہونگے۔ تو آپ کی جگہ مسٹر راج گوپالا چاریہ گورنر جنرل بنائے جائیں گے۔ (گلوب)

نلکی کے ذریعہ پیدا ہونے والے بچے جائز ہیں یا ناجائز؟

لندن ۱۹ دسمبر ریاست ہائے متحدہ میں اس وقت تقریباً ۱۰ ہزار بچے ایسے ہیں جو نلکی کے ذریعہ پیدا ہوئے ہیں - اب وہاں قانونی عدالتوں سے یہ دریافت کیا جا رہا ہے کہ وہ اس سلسلہ میں ایک واضح فیصلہ دیں - کہ آیا یہ بچے جائز ہیں یا ناجائز - اس جدوجہد کے لیڈر شکاگو کے "ڈاکٹر اسٹوراٹ ایبل" ہیں - ان کا کہنا ہے کہ "یہ ایک جدید قسم کی کارروائی ہے - اور سوسائٹی کو اس سلسلہ میں ایک نیا نظریہ قائم کرنا چاہیئے۔ (گلوب)

ہر قیمت پر عرب تقسیم کی مقاومت کرینگے

بغداد ۲۰ دسمبر - عراقی سنٹ کے نائب صدر عبدالہ القصاب نے فلسطین میں جارحانہ کارروائیوں کے خلاف عربوں کی سرگرمیوں کی کامیابی پر اعتماد کا اظہار کیا - اُنہوں نے کہا - کہ "عرب تقسیم کی مقاومت کرینگے - خواہ انہیں اسکی کچھ ہی قیمت کیوں نہ ادا کرنی پڑے - اس وقت عربوں کا یہ فرض ہے کہ وہ جسمانی اور اخلاقی دونوں لحاظ سے طاقتور ہوں۔" (گلوب)

آزاد کشمیر گورنمنٹ کے انٹرنیشنل بریگیڈ کے اعزاز میں شاندار دعوت

ایم - اسمٰعیل مینجنگ ڈائرکٹر - دی پاکستان انڈسٹریز اینڈ جنرل ملز لمیٹڈ - لاہور نے آزاد کشمیر گورنمنٹ کے انٹرنیشنل بریگیڈ کے مسعودی ڈیلیگیشن کو ہفتہ کی رات فلیٹی ہوٹل میں دعوت طعام دی - دعوت میں شہر کے سرکردہ تاجروں کے علاوہ آنریبل شیخ کرامت علی - وزیر تعلیم - سردار رشید احمد - پریذیڈنٹ الیکشن کمیٹی سول لائنز - شیخ مظفر حسین اسسٹنٹ ری ہیبلی ٹیشن کمشنر - ڈاکٹر ضیاء الاسلام پریذیڈنٹ مسلم سٹوڈنٹ فیڈریشن - ڈاکٹر ایس - ایم متقی - مینجنگ ڈائرکٹر مسلم انڈیا انشورنس کمپنی - سردار ظفر اللہ ایڈووکیٹ - ایس ایم مسعود بی - اے شیخ شفقت الٰہی (منسٹری آف ڈیفنس) نے شمولیت فرمائی دعوت کے بعد آنریبل شیخ کرامت علی نے آزاد مسعود ڈیلیگیشن کا حاضرین سے تعارف کرایا - اور ایم اسمٰعیل نے اپنے معزز مہمانوں کو یقین دلایا - کہ وہ اور انکے دیگر پاکستانی بھائی انکی امداد کیلئے تیار ہیں انہوں نے حاضرین سے درخواست کی کہ وہ اپنی مشن کے کامیاب بنانے میں معزز مہمانوں کا ساتھ دیں کیونکہ یہ مشن ان غلط فہمیوں کو دور کرنے کیلئے آیا ہے جو ہندوستان کی حکومت اور ڈوگرہ شاہی کے پراپیگنڈہ نے ان کے متعلق مشہور کر رکھی ہیں۔

نشر کردہ: ایم - شفاعت مینجنگ ڈائرکٹر گڈول پبلسٹی سروس لاہور۔

موسم سرما میں آزاد کشمیر فوج کا پروگرام

لاہور ۲۰ دسمبر گلوب سے ایک خصوصی انٹرویو میں آزاد کشمیر حکومت کے سیاسی سیکرٹری سردار عبداللطیف نے کہا - کہ "موسم سرما میں ہمارا مقصد اوری اور پونچھ پر پھر قبضہ کرنا اور اپنی پوزیشن کو مضبوط بنانا ہے۔"

سردار صاحب نے مزید کہا کہ اوری کے محاذ پر دشمن کے خلاف سرگرمیاں جنرل طارق کی رہنمائی میں ہو رہی ہے انہوں نے مزید انکشاف کیا - کہ جلد ہی پورا محاذ کشمیر اس پراسرار شخص "جنرل طارق کے ماتحت کر دیا جائیگا۔

سردار عبداللطیف حال ہی میں محسود ملکوں کی ایک پارٹی کے ساتھ لاہور آئے - ان کا اوری کے محاذ پر ہندی فوجوں سے متعدد بار مقابلہ ہوا - اور آخری مقابلہ ۱۳ دسمبر کو ہوا۔

سردار لطیف نے کہا - کہ آزاد فوجوں نے اوری کی پشت کی پہاڑیوں میں پوزیشن قائم کر لی ہے آزاد فوجیں دشمن کے مضبوط اڈہ سے آگے بڑھ گئی تھیں - جو انکی پوزیشن کی پشت پر واقع تھا - اچانک ہندی فوجوں نے اوری سے آزاد فوجوں پر حملہ شروع کر دیا - اور تقریباً اسی وقت ہندی فوجیں اسی اڈہ سے نکل آئیں جسے آزاد فوجیں پیچھے چھوڑ آئی تھیں۔

محاذ کشمیر

ترخیل ۲۲ دسمبر - آزاد کشمیر گورنمنٹ کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے - کہ ہندوستانی فوج نے آزاد فوج کے متواتر شدید حملوں کے جواب میں اپنے ...... ہوائی حملے شروع کر دئے ہیں - لیکن پھر بھی آزاد فوج نے اپنے حملے برابر جاری رکھے - اوڑی اوری اور جھنگر دھرم سالہ کے علاقوں میں دشمن کی چوکیوں پر شدید ترین حملے کئے گئے - جن کی وجہ سے دشمن کا بہت زیادہ جانی نقصان ہوا - نوشہرہ کے علاقہ میں بہت سے بند راستے از سر نو تعمیر کئے گئے - اور ان کے گردونواح میں دشمن کے دستوں کے ساتھ کامیاب جھڑپیں ہوتی رہیں - نوشہرہ کی شمالی سمت میں دشمن کے بڑھتے ہوئے دستے پر کامیاب حملے کئے گئے۔ (ا - پ)

سمندری دھات

لندن ۲۰ دسمبر - سمندر کے پانی سے برطانیہ میں ایک نئی دھات نکالی گئی ہے - جس کو ہوائی جہاز بنانے میں استعمال کیا گیا ہے یہ دھات الومینیم سے ۳۵ فیصدی ہلکی ہے - (گلوب)

۲۶ دسمبر یوم تعطیل ہوگا

لاہور ۲۲ دسمبر حکومت مغربی پنجاب نے قائداعظم کے یوم پیدائش کی وجہ سے ۲۶ دسمبر کو تعطیل کا اعلان کیا ہے - اس روز تمام سرکاری عمارتوں پر قومی جھنڈا لہرایا جائے گا - (ا - پ)

پرنٹر و پبلشر عبدالحمید بی - اے - ایل ایل بی نے گیلانی الیکٹرک پریس ہسپتال روڈ لاہور میں طبع کرا کر دفتر میکلوڈ روڈ لاہور سے شائع کیا

ایڈیٹر - روشن دین تنویر بی - اے - ایل - ایل - بی

والیانِ ریاست کے وفد کی واپسی

نئی دہلی ۲۱ر دسمبر۔ کل بروز ہفتہ بھوپال پرجا منڈل کے وفد نے پنڈت جواہر لال نہرو و سردار ولبھ بھائی پٹیل سے ملاقات کی۔ آج بعد دوپہر وفد نئی دہلی سے بھوپال کے واپس ہو گیا ہے۔ وفد مسٹر چتر نرائن مالویہ کی سرکردگی میں تھا۔ (گلوب)

برطانوی افسروں کی واپسی

بمبئی ۲۰ر دسمبر۔ ہندوستانی فوج کے ساتھ کام کرنے والے بہت سے برطانوی افسر اور سپاہی واپس برطانیہ جا چکے ہیں۔ جہازوں میں جگہ نہ ملنے اور چند دوسری وجوہات کے پیش نظر ۳۱ر دسمبر تک سب کو واپس نہیں بھیجا جا سکے گا۔ کچھ اشخاص کو واپسی کے لئے جنوری یا فروری تک انتظار کرنا پڑے گا۔ (گلوب)

اتحادی قوموں کی "چھوٹی اسمبلی" کا اجلاس

لندن ۲۰ر دسمبر۔ اتحادی قوموں کی "چھوٹی اسمبلی" کا اجلاس آئندہ سال نیویارک میں منعقد ہو گا۔ ہندوستان اور پاکستان کو بھی اس اجلاس میں ۱۶ سال سے کم عمر کے دو بچے بطور ڈیلیگیٹ بھیجنے کی دعوت دی جائیگی۔ (گلوب)

یو۔پی میں گئو کشی ممنوع قرار دیدی گئی

آگرہ۔ حکومت یو۔پی نے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کو یہ ہدایات روانہ کی ہیں۔ کہ تمام لوکل باڈیز کو اپنی حدود میں گئو کشی ممنوع قرار دینے کا اختیار دے دیا گیا ہے (گلوب)

نیا دُمدار ستارہ

لندن ۲۰ر دسمبر۔ ستاروں کے متعلق صحیح حالات معلوم کرنے والے جنوبی افریقہ کے جن ماہرین نے نئے دُمدار ستارے کے جو فوٹو لئے ہیں۔ ان سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس ستارے کی پانچ دُمیں ہیں۔ ان میں سے تین دُمیں زیادہ لمبی ہیں یہ ستارہ سورج کے اندر سے ایک کروڑ میل کا سفر طے کرنے کے بعد ظاہر ہوا ہے۔ اب یہ سُورج کی حدود سے باہر آ چکا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ جلدی ہی یہ ستارہ نظروں سے اوجھل ہو جائیگا (گلوب)

—— ییبرگ ۲۰ر دسمبر۔ مقامی کونسل کے چیرمین جوزف ایشانک کے خلاف یہ الزام لگایا گیا ہے۔ کہ گذشتہ موسم خزاں میں انہوں نے زیکو سلواکیہ کے تین وزیروں کو قتل کرنے کی کوشش کی۔ یہ امر قابلِ ذکر ہے۔ کہ آپ کمیونسٹ ہیں۔ (گلوب)

—— حیدر آباد دکن ۲۲ر دسمبر نواب یوسف یار جنگ بہادر کو دہلی میں حیدر آباد کا ایجنٹ جنرل مقرر کیا گیا ہے۔

برمی پریس ایکٹ کو منسوخ کرنے کا مطالبہ

جرنلسٹوں۔ رپورٹروں۔ مضامین نگاروں و پریس ورکروں کا حکومت کو کھلا چیلنج

رنگون ۱۷ر دسمبر۔ کل صبح برما کے جرنلسٹوں رپورٹروں۔ مضامین نگاروں و پریس ورکروں کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں اس امر کا فیصلہ کیا گیا۔ کہ چونکہ برمی پریس ایمرجنسی ایکٹ پر ان کے پروٹسٹ کا حکومت نے کوئی تسلی بخش جواب نہیں دیا۔ لہٰذا ایسے ذرائع اختیار کئے جائیں۔ جن سے کہ یہ حکومت اس ایکٹ کو منسوخ کرنے پر مجبور ہو جائے۔ اس سلسلے میں کونسل آف ایکشن کا انتخاب عمل میں لایا گیا ہے۔ جو ضروری کارروائی سرانجام دے گی۔ (گلوب)

جرمنی میں خُفیہ نازی جماعتوں کی سرگرمیاں

لندن ۲۰ر دسمبر۔ آسٹریا کی سکیورٹی پولیس نے دو خُفیہ نازی جماعتوں کا پتہ لگایا ہے۔ ان میں سے ایک تو جرمنی میں ہے۔ اور دوسری آسٹریا میں۔ ہر دو جماعتوں کا آپس میں گہرا تعلق پایا جاتا ہے۔ ان جماعتوں کی سرگرمیوں کو بے نقاب کرنے میں پولیس سرگرمی سے مصروف ہے۔ معلوم ہوا ہے۔ کہ انہوں نے بلیک مارکیٹ میں کافی تسلط جما رکھا ہے۔ اس امر کی بھی شہادت ملی ہے۔ کہ یہ جماعتیں ایک مرکزی جماعت کی زیر نگرانی کام کر رہی ہیں (گلوب)

—— لندن ۲۰ر دسمبر۔ پنسلین سے ایک نئی قسم کی نسوار بنائی گئی ہے۔ جس کے استعمال سے زکام کو کافی آرام ہو جاتا ہے۔ (گلوب)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اعلان

جو احباب جلسہ سالانہ پر تشریف لا رہے ہیں۔ ان کی اطلاع کیلئے اعلان کیا جاتا ہے کہ لاہور کے پلیٹ فارم پر (جس پر ان کی ٹرین آئیگی) معاون ان کے استقبال کے لئے موجود ہونگے۔ ہر کارکن کو "معاون استقبال" کا بیج لگا دیا جائے گا۔ اگر کسی وجہ سے معاون پلیٹ فارم پر نہ مل سکیں۔ تو اسٹیشن کے گیٹ پر معاون استقبال موجود ہونگے۔ ان سے جائے رہائش و دیگر اطلاعات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ یہ انتظام ۲۵ر دسمبر ۱۹۴۷ء سے شروع ہو کر ۲۷ر دسمبر ۱۹۴۷ء شام تک رہے گا۔ (ناظم استقبال جلسہ سالانہ)

دہلی کے مسلمان ہٹ مضا کی بھٹی میں۔ موت و حیات کی کشمکش

لاہور ۲۳ر دسمبر۔ مسٹر محمد فاروق چشتی ایڈیٹر اخبار ریاستی دُنیا نے راجہ غضنفر علی خان وزیر مہاجرین پاکستان سے اپیل کی ہے۔ کہ وُہ دہلی کے پناہ گزینوں کو جلد از جلد پاکستان بلا لیں۔ ورنہ سخت سردی میں مرجائینگے"۔ آپ نے لکھا ہے۔ کہ دہلی کے مسلمانوں کو فوج کی مدد سے جبراً نکالا گیا ہے۔ قرول باغ۔ پہاڑ گنج سبزی منڈی۔ نبی کریم عقب کامی مسجد اور دہلی دروازہ کے علاقوں کے مسلمانوں کو گولیوں کا نشانہ بنا کر شہید کر دیا گیا باقیماندہ مسلمان کسمپرسی کی حالت میں پناہ گزین کیمپ میں بمشکل پہنچ سکے ہیں۔ کیونکہ راستوں میں سکھ اور ہندوؤں کی خنجر زنی سے شہید یا زخمی ہوئے ہیں۔ زخمی مسلمان لاتعداد ہسپتال میں داخل ہوئے ہیں معلوم نہیں۔ ان کا کیا حشر ہوا ہے۔ چاوڑی بازار میں پناہ گزینوں کو بم گرا کے شہید کیا گیا ہے"۔

شہر دہلی میں غنڈہ سکھوں اور ہندوؤں کو کُھلے بندے اجازت دی گئی ہے۔ کہ وُہ مسلمانوں کی دوکانوں کو لوٹ لیں۔ چنانچہ لاتعداد قفل شکنیاں ہو چکی ہیں۔ ان بے پناہ مظالم پر پردہ ڈالنے کے لئے یہ مشہور کیا گیا۔ کہ سبزی منڈی اور پہاڑ گنج میں مسلمانوں نے فوج کا مقابلہ کیا۔ ان علاقوں میں برطانوی اقتدار کے وقت میں بھی ہندو مسلم فسادات ہوئے کبھی میگزین کا استعمال نہیں ہوا۔ ہندو راج قائم ہونیکے بعد مسلمان میگزین کا استعمال کرتے یہ ناقابل یقین بات ہے۔ بے معنی بہتان کو ہندو اخبارات بالخصوص آل انڈیا ریڈیو اسٹیشن نے بڑی اہمیت دی ہے۔ فرض کر لیا جائے۔ کہ ان مسلمانوں کے پاس میگزین تھی۔ انہوں نے فوج کا مقابلہ کیا اور میگزین ختم ہو جانے پر پسپا ہوئے تو پھر خالی مکانوں سے میگزین کا نکلنا نا ممکن ہے! آل انڈیا ریڈیو سٹیشن کا خالی مکانوں سے کافی میگزین کی برآمدگی کا ظاہر کرنا ثبوت ہے۔ کہ اس جگہ کے مسلمانوں نے میگزین کا استعمال نہیں کیا! پھر ان مسلمانوں کو پناہ گزین بنا کر ان کی غیر موجودگی میں خالی مکانوں کی تلاشی سے "میگزین" کی برآمدگی مشہور کی گئی ہے۔ اگر اسمیں سچائی ہوتی۔ تو ان کی موجودگی میں تلاشیاں لیکر برآمدگی کیجاتی۔ حکومت دہلی کے مختلف بیانات کی موجودگی میں اصل صورت حال کا بخوبی اندازہ فرمالیں" دیگر مسلم علاقوں کی صورت حال یہ ہے۔ کہ وُہ اپنے محلوں میں قید ہو کر رہ گئے ہیں۔ دہلی کی شاہراہ میں ہندو راج قائم ہے۔ اور مسلم کُش خنجر زنی کرنا۔ اور شہید کر دینا قانون کے نزدیک کوئی جرم نہیں رہا۔ ان حالات میں مسلمانانِ دہلی پاکستان آ جانے پر مجبور کر دئے گئے ہیں"۔ جبکہ مسلمانانِ دہلی کو زندگی گذارنیکی کوئی صورت باقی نہیں چھوڑی گئی۔ پھر بھی دنیا کو دکھانے کے لئے مسٹر گاندھی کا مشورہ دہلی میں قیام کا بہانہ اور پنڈت جواہر لال نہرو نے دو ایک دھلی کے محلوں میں تقریریں کر کے مسلمانوں کو امن قائم رکھنے کا اطمینان دلایا۔ جامعہ مسجد دہلی میں ابوالکلام آزاد نے مسلمانوں کو بتایا۔ کہ فسادی عنصر ان کی انگلیوں میں آ چکا ہے۔ وُہ ہرگز پاکستان نہ جائیں۔ شہر میں امن قائم رکھا جائے گا۔ ان طفل تسلیوں کے باوجود بھی خُونِ مسلم سے ہولی کھیلی جا رہی ہے۔ یہ دیکھ کر کہ شہر دھلی میں مسلمانوں کو زندگی گذارنیکی کوئی صورت باقی نہیں رہی۔ ہزاروں کی تعداد میں مسلمان "ہمایوں کے مقبرہ" میں پناہ گزین ہو کر آ چکے ہیں اور وُہ موسم سرما کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ ان تباہ حال مسلمانوں کو جلد از جلد پاکستان نہ بلایا گیا۔ تو وُہ سردی سے ہلاک ہو جائینگے"۔

ہوائی جہاز کی رفتار بڑھانے کیلئے کوششیں

لندن ۱۸ر دسمبر۔ امریکن سائنسدان ایک ایسے ہوائی جہاز کی تیاری میں مصروف ہیں۔ جس کی رفتار انتہائی تیز ہو گی۔ خیال کیا جاتا ہے۔ کہ یہ ہوائی جہاز پچھلے تمام ریکارڈوں کو توڑ دیگا (گلوب)

تجارتی معاملات کے متعلق لندن میں گفت و شنید

لندن ۱۸ر دسمبر "سنڈے ٹائمز" کا سیاسی نامہ نگار رقمطراز ہے۔ کہ سالِ رواں کے خاتمہ سے پہلے پہلے تجارتی معاملات پر گفت و شنید افسران نہایت سرگرمی سے مصروف کار ہیں۔ خوراک کی سپلائی کو جاری رکھے جانے کے لئے برطانیہ کنیڈا و آسٹریلیا کے ساتھ ضروری انتظامات کر رہا ہے۔ (گلوب)

دہلی میں ڈاک و تار کا علیحدہ سرکل

نئی دہلی ۲۰ر دسمبر۔ محکمہ ڈاک و تار دہلی کو مشرقی پنجاب سے جُدا کر دیا جائے گا۔ اس سلسلے میں ایک علیحدہ سرکل کھولا جا رہا ہے۔ (گلوب)

سکھ لیڈروں کی کشمیر میں آمد

سرینگر ۲۰ر دسمبر پنتھک دربار و خالصہ کونسل آف ایکشن کے جنرل سیکرٹری سردار باگھا سنگھ آج یہاں پہنچے۔ آپ کے ہمراہ ماسٹر تارا سنگھ کے خاص ایلچی سردار بخشیش سنگھ بھی آئے ہیں۔ (گلوب)

ڈاکٹر راجندر پرشاد رنگون میں

رنگون۔ ۲۰ر دسمبر۔ برما میں یوم آزادی کی تقریب کے سلسلہ میں انڈین نیشنل کانگرس کے صدر ڈاکٹر راجندر پرشاد [illegible] رنگون جائیں گے۔ (گلوب)

Digitzed by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل لاہور
۲۳ر دسمبر ۱۹۴۷ء

قومی کفایت شعاری

پاکستان اس وقت ایک نہائت غریب ملک ہے۔ اور ہماری اقتصادی حالت نہائت خراب ہے۔ اس کی کئی وجوہات ہیں۔ جن کی تفصیل میں جانا ضروری نہیں۔ کیونکہ موٹی موٹی باتیں کسی سے چھپی نہیں ہیں۔ گزشتہ عالمگیر جنگ کی وجہ سے دنیا کے تمام ممالک کی اقتصادیات پر ناقابل تلافی اثر پڑا ہے۔ اور وہ قومیں بھی جو سیم و زر میں کھیلتی تھیں اب قرض وام پر گزارا کر رہی ہیں۔ سوائے امریکہ کے کسی کے پاس فالتو روپیہ نہیں۔ اور وہی اس وقت تمام قوموں کا ساہوکار بنا ہوا ہے۔ جب آزاد قوموں کا یہ حال ہے۔ تو ایک غلام ملک کا حال تو ظاہر ہے۔ اور بھی پتلا ہوسکتا ہے۔ اس وقت چھوٹی قومیں ہی نہیں بلکہ بڑی بڑی قومیں بھی اس سوچ میں پڑی ہوئی ہیں کہ موجودہ اقتصادی مسائل کا کس طرح حل کیا جائے۔ اور کس طرح ملک کو دیوالیہ پن سے بچایا جائے۔ ایام جنگ میں جس بے دردی سے روپیہ لٹایا گیا ہے۔ اور جس بے پرواہی سے اجناس کو ضائع کیا گیا۔ اب اس کا خمیازہ تمام دنیا کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ قومی خزانے خالی ہوچکے ہیں۔ آمدنیوں کو بڑھانے اور خرچ کو گھٹانے کی سکیمیں سوچی جارہی ہیں۔ خود امریکہ میں بہت سے اخراجات کم کر دیئے گئے ہیں۔ اور کفایت شعاری کی تجاویز پر عمل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

جب بڑی بڑی پرانی قومیں ایسا کرنے پر مجبور ہیں۔ تو یقیناً ہمارا نوزائیدہ ملک کے اقتصادی مسائل تو اور بھی زیادہ قابل توجہ ہیں۔ ایک پناہ گزینوں کا ہی خرچ اتنا زیادہ ہمارے سر پر آپڑا ہے۔ کہ اگر معمولی حالات بھی ہوں۔ تو صرف اس خرچ کو ہی برداشت کرنا ہماری طاقت سے باہر ہے باوجودیکہ پناہ گزینوں کی امداد کماحقہ نہیں ہوسکی۔ پھر بھی اب تک ملک کا کروڑوں روپیہ صرف ہوچکا ہے۔ اور ابھی کروڑوں روپیہ صرف ہوگا۔ تب کہیں جاکر پناہ گزینوں کو از سر نو بسانے اور ان کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کا کام سرانجام پاسکے گا۔ پھر فسادات کی وجہ سے تمام تجارتی اور صنعتی کاروبار درہم برہم ہوگیا ہے۔ اور کئی مدوں سے جو آمدنیاں ہوتی تھیں۔ ان میں اتنی کمی ہوگئی ہے۔ کہ جن کی تلافی ناممکن ہے۔ ریلوے۔ ڈاک خانہ کی آمدنیاں اور کئی دیگر محصولات اتنے کم ہوگئے ہیں۔ کہ گویا رہے ہی نہیں۔ پھر مالیہ کی صورت میں جو روپیہ خزانے میں آتا تھا۔ وہ بھی بہت کم ہوگیا ہے۔

ایک طرف تو آمدنی کا یہ حال ہے۔ دوسری طرف اخراجات معمول سے اس قدر زیادہ ہوگئے ہیں کہ اگر آمدنیاں پوری کی پوری بھی ہوتیں۔ تو پھر بھی ان اخراجات کے پورا کرنے کے لئے بغیر قرض لینے کے چارہ نہیں تھا۔ اس لئے قابل غور ہے کہ ہماری اقتصادی کشتی کسی خوفناک بھنور میں گری ہوئی ہے۔ صوبہ سندھ جو اب تک ایک بچت کا صوبہ تھا۔ اس سال اس کے بجٹ میں بھی دو کروڑ روپیہ کی کمی بتائی جاتی ہے۔ دیگر وجوہات کے ساتھ اس کمی کی ایک یہ بھی وجہ ہے۔ کہ وزارت اور بڑے بڑے عہدہ داروں کی تنخواہوں کا بے پناہ خرچ قومی خزانہ پر ایک بہت بھاری بوجھ ثابت ہو رہا ہے قدرتی اسباب کی وجہ سے جو کمی آمدنی میں ہوئی ہے اس کا تو کوئی چارہ نہیں۔ مگر جو بات ہمارے اختیار میں ہے۔ اس طرف اگر توجہ نہ کی گئی۔ تو یہ ہماری اپنی غلطی ہوگی۔ اس وقت جبکہ قوم کو پیسہ پیسہ کی ضرورت ہے۔ ہمیں انتہا درجہ کی کفایت شعاری سے کام لینا چاہیئے۔ اس لئے ضروری ہے۔ کہ نہ صرف سندھ میں بلکہ تمام صوبوں میں وزارت اور بڑی بڑی تنخواہوں میں جو فضول خرچیاں ہو رہی ہیں۔ ان کو جلد از جلد ختم کر دیا جائے۔ اس وقت قوم کے ہر فرد کو قربانی کرنی چاہیئے۔ قربانی کے بغیر کبھی کوئی قوم کامیابی حاصل کرسکی ہے نہ کرسکتی ہے۔ اگر ہمارے وزیر اور بڑے بڑے عہدہ دار قوم کی اس انتہائی مصیبت میں کم سے کم معاوضوں پر کام کریں۔ تو یقیناً یہ قومی کفایت شعاری سمجھی جائیگی۔ آرام و عیش کے سامانوں کی تو کوئی انتہا ہی نہیں۔ لیکن انسان چاہے تو بغیر ان سامانوں کے بھی گزارا کرسکتا ہے ایک نادار قوم کے وزیروں اور بڑے بڑے عہدہ داروں کو تو عوام سے زیادہ قربانی کی روح دکھانی چاہیئے۔

مجلس مشاورت کے خاص اجلاس کا ایجنڈا

جو

مورخہ ۲۶ر فتح ۱۳۲۶ ہش مطابق ۲۶ر دسمبر ۱۹۴۷ء منعقد ہوگی

مفصلہ ذیل امور مجلس مشاورت کے سامنے پیش ہونگے۔ جو نمائندگان شرکت اجلاس کے لئے تشریف لائیں۔ وہ ان امور پر رائے دینے کے لئے اپنی جماعتوں سے استصواب کرکے تشریف لائیں:-

(۱) بجٹ آمد میں بہت کمی ہے۔ اس کا انتظام کیا جائے۔

(۲) تبلیغ کی طرف کماحقہ توجہ نہیں ہو رہی۔ اس کے لئے کیا ذرائع اختیار کئے جائیں۔

(۳) پناہ گزینوں کو کس طرح منظم کیا جائے۔ تاکہ وہ جماعتوں سے کٹ کر سست نہ ہوجائیں

(۴) قادیان کی حفاظت کے متعلق کیا تدابیر اختیار کی جائیں۔

(۵) جماعتی تنظیم اور ترقی کے متعلق تجاویز

(ب) نمائندگان سابقہ انتخاب (جو اجلاس اپریل ۱۹۴۷ء کے لئے ہوا تھا) کے مطابق شامل اجلاس ہونگے۔ البتہ جو منتخب شدہ نمائندے نہ آسکتے ہوں۔ ان کی جگہ دوسرے نمائندگان کا انتخاب فوری طور پر کرکے اطلاع دی جائے۔

(ج) چونکہ گاڑیوں کا انتظام اپنی اصلی حالت پر نہیں ہے۔ اس لئے بہتر ہے کہ نمائندگان اصحاب ۲۵ و ۲۶ دسمبر کی درمیانی رات تک کسی وقت لاہور پہونچ جائیں۔ تاکہ اجلاس میں بر موقعہ شمولیت فرماسکیں:-

نوٹ:- داخلہ بذریعہ ٹکٹ ہوگا۔ جو دفتر پرائیویٹ سیکرٹری واقعہ رتن باغ سے ملے گا۔

سیکرٹری مجلس مشاورت رتن باغ لاہور

بازار کی سیر

انار کلی یا لاہور کے اور کسی بڑے بازار یا چوک سے آپ گزریں۔ تو آپ کے کانوں میں ہتھوڑے کی ضربوں کی طرح یہ آوازیں پڑتی ہیں۔ "چھ آنے والی دو آنے کو" "دوانی پاوالی آنے پا" "گھی والی ریوڑیاں" "خستہ کھویا" "چونی پا میوے" "دو آنے کے دو کباب" "آٹھ روپے گلا کوٹ" "آنے کی تین موم بتیاں" وغیرہ وغیرہ۔ یہ وہ ننھے ننھے سوداگروں کی گاہک کو متوجہ کرنے والی آوازیں ہیں۔ جو اشد مجبوری کی وجہ سے تجارت کے میدان میں آئے ہیں۔ ان میں نوجوان بھی ہیں۔ بوڑھے بھی اور چھوٹے چھوٹے ایسے بچے بھی جن کو اس وقت کسی سکول کے احاطہ میں اپنے ہمجولیوں کے ساتھ کھیل میں مصروف ہونا چاہیئے تھا۔ لیکن چونکہ گھر میں اور کوئی کمانے والا نہیں رہا۔ اس لئے مجبوراً آج کی گزراوقات کے لئے بچوں کو کچھ کام کرنا چاہیئے:-

آپ کو ان بھونڈی اور ناموزوں آوازوں سے ناراض نہیں ہونا چاہیئے۔ خود ان آوازوں کا بھدا پن اور ناموزونیت ہی ظاہر کرتی ہے۔ کہ ان لوگوں نے اشد مجبوری کی وجہ سے یہ کام اختیار کیا ہے۔ بے شک ان ننھے سوداگروں کی بھرمار کی وجہ سے آپ کے بازاروں کی خوبصورتی میں فرق آگیا ہے۔ بیشک یہ ننھے ننھے سوداگر آپ کے راستہ کو روکتے ہیں۔ بے شک یہ کرخت چیخیں آپ کے کانوں کو بری معلوم ہوتی ہیں۔ اور ان سے آپ کے دماغوں پر چوٹ لگتی ہے۔ لیکن بجائے ناراض ہونے کے آپ کو خوش ہونا چاہیئے۔ کہ ان لوگوں میں عزت نفس کا احساس ضرور ہے۔ بجائے اس کے کہ وہ گداگری کرتے منت سماجت سے آپ کی جیب پر چھاپہ مارنے کی کوشش کرتے۔ یہ کتنی خوشی کی بات ہے۔ کہ یہ بے کس مفلس مہاجر تقریباً اسی قسم کی روح کا ثبوت دے رہے ہیں۔ جو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس وقت دکھائی تھی۔ جس وقت وہ مدینہ میں بطور مہاجر داخل ہوئے تھے۔ اور آپ نے اپنے بھائی انصاری کی نصف جائداد جو ان کو خوشی سے بانٹ دینے کو تیار تھا لینے کی بجائے لین دین سے اپنی روزی کمانا زیادہ پسند فرمایا تھا۔ واقعی یہ لوگ ایک نہائت اچھا نمونہ پیش کر رہے ہیں۔ ان کی کمزوریوں کو ہمیں نظر انداز کر دینا چاہیئے۔ اور اگر ہماری آمد و رفت میں وہ کسی قدر مخل بھی ہوتے ہیں۔ یا ہمارے بازاروں اور چوکوں کی خوبصورتی ان کی بھیڑ کی وجہ سے کسی قدر کم بھی ہوتی ہے۔ تو ہم کو پرواہ نہیں کرنی چاہیئے۔ کیونکہ آپ کو کیا خبر ہے کہ شاید انہی ننھے ننھے بچوں میں سے جن کو ابھی گاہک کو بلانا بھی نہیں آتا۔ جن کو اپنا مال فروخت کرنے کا صحیح ڈھب بھی یاد نہیں۔ آپ کو کیا خبر ہے۔ کہ ان میں سے کل کتنے ایسے نکل آئیں۔ جو اپنی تجارتی لیاقت سے آپ کے بازاروں کی خوبصورتی کو چار چاند لگادیں گے۔ آپ کے ملک کو مالا مال کر دینگے

ضروری اعلان برائے دیہاتی مبلغین

مغربی پاکستان میں کام کرنے والے دیہاتی مبلغین کو جلسہ سالانہ میں شمولیت کے لئے لاہور آنے کی اجازت ہے۔ جو دیہاتی مبلغ اس موقعہ پر آسکیں وہ ۲۵ر دسمبر کو دفتر بیعت میں رپورٹ کریں

انچارج دفتر بیعت رتن باغ لاہور

قلب مومن کے جذبات کی ترجمانی

از خواجہ خورشید احمد مجاہد سیالکوٹی واقف زندگی از شیخوپورہ

(۱)

قلبی جذبات و احساسات کی ترجمانی صحیح معنوں میں زبان و قلم نہیں کر سکتے۔ کوئی انسان تو مادیت کے زیر اثر دنیوی خیالات اور عیش و عشرت میں مگن ہوتا ہے۔ تو کوئی افلاس کے مارے ہموم و غموم کا شکار دکھائی دیتا ہے لیکن برعکس اس کے ایک مومن رنج و الم کے دور میں بھی اپنے مولیٰ کی رضا اور خوشنودی کا طالب ہونے کے باعث اپنے دل میں مسرت و انبساط پاتا ہے۔

دنیا والے اپنے جور و ظلم کی حد کر دیں اور مومن پر طرح طرح کے مصائب و آلام کے پہاڑ گرائیں۔ مگر مومن اپنی دھن کا پکا اور ایمان و صداقت کی خاطر اپنی جان پر کھیل جانا ایک معمولی سی بات خیال کرتا ہے چودہ صدیاں قبل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین اپنے عمل سے دنیا میں اس امر کی بیسیوں امثلہ چھوڑ گئے ہیں کہ جوں جوں اغیار کی طرف سے انہیں ستایا گیا اور دکھ دیا گیا۔ توں توں وہ ایمانیات میں اور بھی قدم آگے بڑھاتے گئے۔ اور کوئی تکلیف وہ بات ان کے مقصد عالیہ سے انہیں ادھر ادھر نہ کر سکی اور دنیا کی کوئی طاغوتی طاقت ان کے پایۂ استقلال میں ذرا بھر بھی لغزش پیدا نہ کر سکی۔

پھر سمجھ نہیں آتا کہ حق و صداقت کے دشمن فی زمانہ جماعت مومنین میں بخلاف گذشتہ مومنین کے کیوں یاس و ناامیدی کی رگ ڈھونڈ رہے ہیں۔ وہ انسان جو مصیبتوں اور آزمائشوں کی نازک ترین گھڑیوں میں حق پر ثابت قدم نہیں رہتا اور منافقانہ روش اختیار کرتا ہے۔ کیونکر صف مومنین میں تصور کیا جا سکتا ہے۔ جب کہ اسے خدائی وعدوں اور آسمانی بشارتوں کے پورا ہونے پر یقین ہی نہیں۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ولا تھنوا ولا تحزنوا وانتم الاعلون ان کنتم مومنین۔ یعنی اے مومنو! تم کمزور اور پریشان مت ہو جاؤ تم دیگر لوگوں سے ممتاز ہو گے۔ اگر تم حقیقی مومن ہو۔ پھر دوسری جگہ فرماتا ہے:۔ وکان حقاً علینا نصر المومنین یعنی اللہ تعالیٰ مومنوں کی ضرور مدد کرتا ہے۔

(۲)

جو انسان گردش ایام کے باعث پیش آمدہ مشکلات کا مقابلہ نہیں کرتا۔ بلکہ گھبراتا اور ایمان میں کمزوری دکھاتا ہے۔ وہ یقیناً ایمان کامل سے بے نصیب ہے اور اس لائق نہیں کہ کامل مومنین کی جماعت میں اسے کھڑا کیا جائے۔ ایسی حالت میں اس کا دعوئے ایمان اس کے اپنے ایمان کا دھوکا اور شیطان کے پیدا کردہ وساوس میں سے ایک وسوسہ ہے۔ اس سے بڑھ کر اس کے ایمان کی کچھ حقیقت نہیں۔

اگر وہ ایمان خالص سے بہرہ ور ہوتا تو اس قسم کے خیالات اس کے دل میں کیونکر سما سکتے تھے ایمان تو منافقت کی ضد ہے اور ہر دو کے درمیان بعد المشرقین ہے۔ پھر اس کا دل ایسی باتوں کا کیوں ماجگاہ بنا۔

برعکس اسکے ایک سچے اور مخلص مومن کی قلبی کیفیت کا یہ عالم ہے کہ وہ ان ابتلاؤں کے پرخطر ایام میں پہلے سے کہیں زیادہ قربانی کے میدان میں سرگرم عمل نظر آتا ہے۔ اس کے احمدیت سے والہانہ عشق میں اور بھی اضافہ ہو جاتا ہے اور مرکز احمدیت کے متعلق اس کے دلی جذبات اور احساسات کی دنیا ایک عجیب رنگ اختیار کرتی چلی جاتی ہے۔ جسے دیکھ کر رشک آتا ہے۔

دنیا والے تو اسے جسمانیات کے لحاظ سے اس کے محبوب مادر جان و مال سے عزیز مرکز قادیان سے جدا خیال کرتے ہیں۔ مگر اس کی روح تو خدا تعالیٰ کے محبوب مسیحا کی مقدس بستی میں پرواز کر رہی ہے اسے ادھر ادھر کی باتیں سنا کر لاکھ کوشش کرو کہ اس کے دل سے قادیان کی محبت محو ہو جائے مگر وہ ایسا مستقل مزاج انسان ہے کہ قادیان کی یاد اسے بھولتی ہی نہیں عالم روحانیت میں اسکی نظر کے سامنے قادیان کا در و دیوار شعائر اللہ میں سے ہو وہ یہ سمجھتا ہے کہ اگر میری روح کی توجہ قادیان سے ہٹ گئی تو میری کیفیت بعینہٖ ماہیٔ بے آب کی سی ہو گی۔

(۳)

کوئی مانے یا نہ مانے وہ لوگ جنہوں نے احمدیت کے شیریں چشمہ سے اپنی روحانی تشنگی بجھائی ہے وہ تو اس یقین پر قائم ہیں کہ وہ وقت دور نہیں جبکہ الٰہی وعدوں کے مطابق قادیان ہی وہ مقدس بستی ہو گی جسے اقوام عالم روحانیت کے لحاظ سے ایک ممتاز حیثیت دینے پر مجبور ہونگی بظاہر یہ خیال ایک مادہ پرست انسان کے نزدیک مجنونانہ بڑ سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا لیکن وہ لوگ جنہیں روحانی بصیرت سے حصہ ملا ہے اور دور حاضرہ کے راستباز مامور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر ایمان لانے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔ اس ایمان اور یقین سے لبریز ہیں کہ مستقل قریب میں ایسا ہی ہو گا۔ اگرچہ بظاہر حالات اس کے مخالف ہیں اور دشمن کی طرف سے بہت کچھ قادیان پر مظالم ڈھائے گئے ہیں۔ مومن تو اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ خدا تعالیٰ ایسے لوگوں کو ہرگز نہیں چھوڑے گا جنہوں نے ایک ایسی پر امن جماعت کو مظالم کا تختۂ مشق بنایا۔

مومنوں کا خدا وہ قادر توانا خدا ہے۔ جس نے بڑے بڑے متکبر انسانوں کو خاک میں ملا دیا۔ اور اپنے پیاروں کو بالآخر غلبہ بخشا۔ ہمارے مقدس رسول حضرت محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم جیسے در یتیم کو کفار مکہ کے مظالم سہنے کے بعد وہ فتح اور کامیابی عطا فرمائی کہ جس کی نظیر تاریخ عالم پیش کرنے سے قاصر ہے

یقیناً اللہ تعالیٰ احمدیت کے روحانی نظام کی روشنی میں ایک نئی زمین اور نئے آسمان کی بنیادیں استوار کرے گا۔ تا انجام کار راستی کی فتح ہو۔ اور حق کے مقابل باطل سرنگوں ہو جائے۔ اور اسلام کا شاندار ماضی اپنی پہلی سی شان و شوکت کے ساتھ پھر از سر نو دنیا میں عود کر آئے۔

مبارک ہے وہ جو اس حقیقت کو سمجھے اور باطل کے مقابل سینہ سپر ہونے کے لئے مجاہدین احمدیت کے صف میں شامل ہو جائے۔ خدا تعالیٰ نے بہتوں کو اس امر کی توفیق بخشے

آمین اللھم آمین

واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العٰلمین

جزائر لکادیپ اور مالدیپ

میرزا الطاف الرحمٰن

ان جزائر کے متعلق جیسا کہ الفضل کی کسی پچھلی اشاعت میں ذکر کیا جا چکا ہے۔ جزائر لکادیپ ہندوستان کے مغربی ساحل کی بندرگاہ کالی کٹ سے ۱۰۰ میل دور سمندر سے شروع ہو کر ۳۰۰ میل دور تک سمندر میں پھیلے ہوئے ہیں۔ ان جزائر کے نیچے سیلون کے پاس مالدیپ کے جزائر واقع ہیں۔

ان جزائر کی تمام کی تمام آبادی مسلمانوں پر مشتمل ہے۔ زبان ملیالم سے ملتی جلتی ہے۔ لیکن اردو۔ عربی۔ فارسی۔ انگریزی۔ ملائی تامل۔ کنری زبانیں بولنے اور سمجھنے والے لوگ بھی ہیں۔

عام طور پر شافعی فرقہ سے تعلق رکھنے والے لوگ ہیں۔ لیکن بعض دوسرے فرقوں کے بھی موجود ہیں۔ ان لوگوں کا لباس ٹوپی قمیص اور دھوتی ہے لیکن پاجامہ بھی کافی لوگ پہنتے ہیں۔ ماحول کو دیکھتے ہوئے ان میں پاجامہ کا رواج عجیب معلوم ہوتا ہے۔ حسب حیثیت قیمتی ریشمی لباس بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ کندھوں پر پٹکا اور ہاتھ میں چھتری ہر خاص و عام رکھتا ہے۔ عورتیں برقعہ کی جگہ چھتری استعمال کرتی ہیں۔ چھوٹی عمر میں شادی کا رواج عام ہے

ان جزائر میں تعلیم آہستہ آہستہ پھیل رہی ہے سکولوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ غریب و امیر کوشش کر کے اپنے بچے ہندوستان و سیلون میں عربی و انگریزی تعلیم کے لئے بھیجنے لگے ہیں جس کی وجہ سے ان جزائر میں تعلیم یافتہ لوگوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ جن میں سے بعض گریجوایٹ بھی ہیں۔ تعلیم نسواں کا رواج بھی ہونے لگا ہے۔ اور عورتوں کو اچھی تعلیم کی غرض سے ہندوستان بھیجا جانے لگا ہے۔ ان جزائر میں پڑھے لکھے لوگ عام طور پر حدیث۔ فقہ۔ صرف۔ نحو میں ماہر ہوتے ہیں۔ اپنی زبان عربی حروف میں لکھتے ہیں۔

عام طور پر لوگ بحری زندگی پسند کرتے ہیں اور کثرت سے اس میں شامل ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہندوستان اور سیلون وغیرہ بھی دیگر ملازمتیں کرتے ہیں۔

جزائر لکادیو میں ناریل کیلا۔ نیبو۔ گھونگھے اور سیپ کثرت سے ملتی ہے۔ اہل جزائر ناریل سے کھوپرا تاڑی سے شکر۔ ناریل سے سرکہ۔ ناریل کی مٹھائی ناریل کے ریشہ سے باریک رسی و رسے تیار کرتے ہیں اور یہی کھوپرا، ناریل، شکر، سرکہ، مٹھائی۔ رسے و رسیاں گھونگے اور سیپ کشتیوں میں بھر کر ہندوستان کی مختلف بندرگاہوں اور شہروں میں لا کر فروخت کرتے ہیں۔ اور یہاں سے کپڑا چاول۔ گرم مصالحہ تیل اور دوسری ضروریات زندگی خرید کر واپس چلے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ لوگ کشتیوں پر دور دراز کا سفر کرتے ہیں۔ اور جزائر انڈونیشیا سنگاپور اور دوسرے مقامات پر جا کر ہزاروں روپیہ اپنے علم نجوم کے ذریعہ سے کماتے ہیں۔ یہ لوگ علم نجوم اور جادو ٹونے میں بہت مشہور ہیں

چونکہ ان جزائر کی اپنی کوئی تنظیم نہیں۔ اسلئے اپنی اقتصادی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے راجہ آف کنانور و مالابار سے مدد لینی پڑی ہے۔ مگر جب راجہ کی طاقت ختم ہو گئی اور ان کی مدد نہ کر سکا تو یہ کام انگریزوں نے اپنے ذمے لیا۔ لیکن باوجود ان جزائر میں انکے دخل کے پھر بھی یہ جزائر کافی حد تک آزاد رہے اور ہندوستان کی طرح بالکل بے بس ہو کے نہ رہ گئے۔ ہر جزیرے کا ایک ایک امین ہے جو جزیرے کا انتظام وہاں کے باشندوں کے آرام سہولت اور ان کی فلاح و بہبودگی کا کام ہر قسم کے فیصلے کرتا ہے۔ اسکی اجازت کے بغیر کوئی شخص جزیرے میں اپنا سامان نہیں لے جا سکتا یا خود بھی سکونت نہیں

Digitzed by Khilafat Library Rabwah

انگریز گورنمنٹ ان کے مشورہ اور تعاون سے جزائر میں اپنا مطلب حل کرتی رہی۔

انگریزی حکومت نے جنگ کے علاوہ امن کے وقت بھی سمندر میں دیکھ بھال کے لئے ان جزائر کو چھاؤنی بنائے رکھا۔ جو ملک کے لئے بیش بہا فائدہ کا موجب ہوا۔ اور یہ جزائر جنگی نقطہ نگاہ سے نہائت کار آمد ثابت ہوئے

جزائر مالدیپ کے لوگ بہت چست و چالاک میانہ قد اور گھٹے ہوئے جسم کے نہائت مضبوط ہیں۔ ان جزائر میں مشہور سیاح و مورخ ابن بطوطہ نے شادی کی۔ اور اب تک اس کی نسل یہاں موجود ہے۔

یہاں کے لوگ بہت ہوشیار اور جہاز رانی میں ماہر ہیں جزائر کے پیشے پیش پیش ہیں۔ انکی کشتیاں اور جہاز دوسرے جزائر کے چھوٹے جہاز ہیں۔ جو کہ بہ نسبت دوسرے جزائر کی کشتیوں کے بہت بڑے بڑے اور مضبوط ہیں۔

یہاں سے ناریل۔ کیلا۔ نیبو۔ سپاری۔ گرم مصالحہ خشک مچھلی۔ موتی اور قیمتی پتھر کثرت سے دستیاب ہوتا ہے۔ ان جزائر میں کچھ سونا بھی دستیاب ہوتا ہے۔ اہل جزائر یہاں سے ناریل۔ کھوپرا۔ شکر۔ ناریل کی مٹھائی رسے و رسیاں۔ سپاری۔ گرم مصالحہ۔ خشک مچھلی۔ موتی قیمتی پتھر اور دوسری اشیاء اپنی کشتیوں میں بھر کر ہندوستان سیلون اور دوسری جگہوں پر جا کر بیچتے ہیں۔ یہاں کے لوگ تجارت کی غرض سے بڑی دور دور تک جاتے ہیں۔ اور تجارت کی بدولت بہت دولت مند ہیں۔

ان جزائر میں بہ نسبت دوسرے جزائر کے نہائت اعلےٰ تنظیم ہے۔ ان کی اپنی حکومت ہے حکمران کو سلطان کہا جاتا ہے۔ یہاں آج کل ڈی ڈی۔ خاندان برسر اقتدار ہے۔ جزائر کے تعلقات زیادہ تر سیلون گورنمنٹ کے ساتھ ہیں۔ اور یہاں کے بہت سے امیر خاندان سیلون میں آباد ہو گئے ہیں۔

ان جزائر (لکادیپ و مالدیپ) کو بحری حیثیت سے بھی خاص اہمیت حاصل ہے۔ گزشتہ جنگ عظیم کے دوران میں انہی جزائر کی چوکیوں کی بدولت ہندوستان کا مغربی ساحل اور سیلون اور ان کا ملحقہ سمندری علاقہ اور انتظام دوسرے ساحلوں اور علاقوں کی نسبت بہت زیادہ محفوظ اور مضبوط رہا۔ اور دشمن اس طرف سے حملہ نہ کر سکا۔ باقی

واقفین زندگی توجہ فرمائیں

تمام واقفین زندگی کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے۔ کہ حسب سابق وہ اپنی ہفتہ وار ڈائریاں دفتر تحریک جدید جسونت بلڈنگ جودھامل روڈ لاہور میں ہر ہفتہ کے دن پہنچا دیا کریں۔ یہ نہائت ہی ضروری امر ہے۔ وکیل الدیوان تحریک جدید جسونت بلڈنگ لاہور

ٹرنر

ایک احمدی نوجوان جو ٹرنر کے کام کے پانچ سالہ تجربہ کار ہیں (ریلوے ورکشاپ۔ ملٹری اور سنٹرل ورکشاپ میں کام کرتے رہے ہیں) آجکل بیکار ہیں۔ اگر کوئی صاحب ان کو ملازمت دلانے میں ان کی امداد کر سکتے ہوں۔ تو وہ ناظر امور عامہ جودھامل بلڈنگ لاہور کو اطلاع دیں۔ ناظر امور عامہ

خیریت مطلوب ہے۔

رحمت اللہ صاحب ولد مستری عبد الرحمٰن صاحب ساکن موضع کھیڑی سوغل ڈاک خانہ ملود تحصیل و ضلع لدھیانہ کی خیریت دیر سے معلوم نہ ہونے کی وجہ سے ان کے گھر والے بہت متفکر ہیں۔ وہ فوراً اپنی خیریت اور پتہ سے صوبیدار عبد الحمید صاحب انصار گلی شہر منٹگمری کو اطلاع دیں۔ جو دوست جاننے والا اس اعلان کو پڑھے وہ ان کو اطلاع کر دے۔ ناظر امور عامہ جودھامل بلڈنگ لاہور

جلسہ سالانہ کے چندہ کی شرح:۔ چندہ جلسہ سالانہ کی شرح سال میں ایک ماہ کی آمد کا دس فیصدی ہے یعنی ہر شخص کی

جلسہ سالانہ پر آنے والے مخلصین کی توجہ کے لئے

اس مرتبہ لاہور میں بھی جلسہ سالانہ ۲۶، ۲۷، ۲۸ فتح ۱۳۲۶ ہش کو منعقد ہو رہا ہے۔ موجودہ حالات کیا ہیں؟ یہ نہیں کہ لاہور میں جگہ تھوڑی ہے۔ یا راستے ٹھیک نہیں۔ یا سردی زیادہ ہے۔ یا لوگوں کو تکلیف ہوگی۔ بلکہ یہ کہ لاہور میں ہم اس پیمانہ پر مہمانوں کی رہائش اور خوراک کا انتظام نہیں کر سکتے۔ جس پیمانہ پر قادیان میں کر سکتے ہیں۔ لیکن لاہور میں ہم وہ انتظامات اس پیمانہ پر کیوں نہیں کر سکتے؟ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ جماعتوں کی طرف سے مرکزی چندوں کی آمد بہت ہی قلیل ہے۔ چندہ عام۔ حصہ آمد۔ اور چندہ مستورات کی مرکز میں وصولی اب تک ۵ فیصدی سے بھی کم ہے۔ اور چندہ جلسہ سالانہ کی وصولی بجٹ کے مقابلہ میں دس فیصدی سے بھی کم ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ جیسے لوگ چندوں کی ادائیگی میں بے توجہی سے کام لے رہے ہیں۔ اور ان سے بڑھ کر اس کے ذمہ دار وہ عہدہ داران ہیں۔ جو اپنی جماعت کے افراد سے چندوں کی بروقت وصولی کا انتظام نہیں کر رہے۔ اس لئے تمام احباب خاص کر عہدہ داران مال کو چاہیئے۔ کہ اپنے ذمہ کے چندے جلد از جلد مقامی سیکرٹریان مال کو پہنچا دیں۔ جو ان کو مرکز میں بھجوانے کا انتظام کر سکتے ہیں۔

رقوم چندہ جات معہ تفصیل بنام محاسب صاحب صدر انجمن احمدیہ جودھامل بلڈنگ لاہور بھجوانی چاہئیں

نظارت بیت المال

وظیفہ صرف چنیوٹ میں ملیگا۔ وظیفہ خواران نظارت تعلیم نوٹ فرمالیں

تمام وظیفہ خواران نظارت تعلیم کو مطلع کیا جاتا ہے۔ کہ جب تک وہ اپنے اپنے ادارے میں چنیوٹ پہنچکر داخل نہ ہو جائیں۔ اس وقت تک انہیں وظیفہ ہرگز نہیں دیا جائے گا۔ عام طور پر وظیفہ خواران کی طرف سے یا ان کے سرپرست اصحاب کی طرف سے اس قسم کی چٹھیاں آتی ہیں۔ کہ وہ لاہور یا کسی اور مقام پر کسی سکول میں داخل ہو گئے ہیں۔ لہذا انہیں وظیفہ دیا جائے۔ ایسی چٹھیوں پر نظارت ہذا غور نہیں کر سکتی۔ تاوقتیکہ وہ طلباء جن کو قادیان میں وظیفہ ملتا تھا دوبارہ سلسلے کے نظام کے ماتحت چنیوٹ میں داخل نہ ہو جائیں۔ یہ واضح رہے کہ چنیوٹ میں ہائی سکول جامعہ احمدیہ اور مدرسہ احمدیہ میں باقاعدہ طور پر پڑھائی جاری ہے۔

عبد السلام اختر ایم اے نائب ناظر تعلیم و تربیت

پتہ مطلوب ہے: جمیل احمد سابق مددگار کارکن نظارت امور عامہ فوراً اپنے موجودہ پتہ سے ناظر امور عامہ جودھامل بلڈنگ لاہور کو اطلاع دیں۔ اگر کوئی دوست جمیل احمد مذکور کو جانتا ہو تو وہ فوراً ان کو اطلاع کر دے۔ یہ قادیان میں ڈبل روٹی بسکٹ وغیرہ بھی بذریعہ پھیری فروخت کیا کرتے تھے۔ ناظر امور عامہ

Digitzed by Khilafat Library Rabwah

حکومت مغربی بنگال نے پنجاب سے فوجیں ہٹانے کی درخواست

کلکتہ ۲۲ر دسمبر:- معلوم ہوا ہے۔ کہ حکومت مغربی بنگال نے مشرقی پنجاب کی حکومت سے درخواست کی ہے کہ وہ چار سرن داجپور سے اپنی فوجیں ہٹائے اور اس کے متعلق فیصلہ کے لئے گفت و شنید کی جائے۔ یہ گاؤں ضلع راج شاہی اور مرشد آباد کی سرحد پر ہے۔ نیز اس امر کی بھی درخواست کی گئی ہے۔ کہ فیصلہ ہونے تک دونوں حکومتیں اپنی فوجیں اور پولیس وہاں نہ بھیجیں۔ (اے۔ پی۔ آئی)

مشرقی پاکستان سے ملاپ زیادہ کر دیا جائیگا

ڈھاکہ ۲۲ر دسمبر:- معلوم ہوا ہے۔ کہ قائد اعظم محمد علی جناح گورنر جنرل پاکستان ماہ جنوری کے اخیر میں یا فروری کے پہلے ہفتے میں مشرقی پاکستان جائیں گے کہا جاتا ہے کہ مشرقی اور مغربی پاکستان میں ملاپ اور اتحاد کو زیادہ کرنے کے لئے آپ تشریف لے جا رہے ہیں اور ایسی غرض کے لئے پاکستان کے ۱۰ اراکین حکومت مشرقی پاکستان اب زیادہ جایا کریں۔

جنگ کشمیر میں طلباء پاکستان کی شرکت

ڈھاکہ ۲۲ر دسمبر:- آل پاکستان مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کی کشمیر کمیٹی نے تین سو کے قریب طلباء کو جنگ کشمیر میں حصہ لینے کے لئے تیار کیا ہے۔ کمیٹی ایک ہزار طلباء بھیجنے کا انتظام کر رہی ہے ان میں پنجاب۔ بلوچستان۔ سرحد اور سندھ کے طلباء شامل ہوں گے فیڈریشن نے طبی امدادی وفد کو جو کشمیر چلے گئے ہیں۔ تمام ضروری چیزیں مہیا کر دی ہیں۔

(اے پی آئی)

ملازمین حکومت پاکستان کے مطالبات

کراچی ۲۱ر دسمبر:- حکومت پاکستان کے ملازمین کی ایسوسی ایشن نے پانچ ممبروں پر مشتمل ایک کمیٹی مقرر کر دی ہے۔ جو حکومت پاکستان سے ہونے والے امتحانات کے متعلق گفت و شنید کرے گی۔ کمیٹی کے صدر آغا محمد شریف ہیں کمیٹی کا خیال ہے کہ جب تک موجودہ تمام ملازمین کے لئے کہیں نہ کہیں ٹھکانا نہ بنا لیا جائے اسوقت تک اس قسم کے امتحانات فضول ہیں

(اے۔ پی۔ آئی)

بہار میں طاعون پھیل رہی ہے

پٹنہ ۲۲ر دسمبر:- یہاں کے تیس گاؤں میں طاعون کی وبا پھیل گئی ہے اور اب تک سو اموات ہو چکی ہیں۔ مقامی محکمہ صحت اس کی روک تھام کے لئے انتظام کر رہا ہے (اپ)

رضائی فنڈ میں دو ہزار روپے عطیہ

لاہور ۲۲ر دسمبر:- سردار مظفر علی خاں قزلباش نے رضائی فنڈ میں مبلغ دو ہزار روپے کا عطیہ دیا ہے۔ یہ فنڈ پناہ گزینوں کے لئے لحاف مہیا کرنے کے سلسلے میں کھولا گیا ہے (اپ)

ضرورت رشتہ

از اشکر علی احمدی پنیٹر دکنٹر یکٹر عملہ ط۔ ۱۵۰۔ ۱۲۔ مہاجر تاریخ بیعت ۱۹۳۲ء کے لئے جو برسر روزگار ۲۰۰ ماہوار اوسطاً آمد ہے۔ عمر ۳۰ سال قوم مغل موصی ہیں۔ جن کے بیوی اور والدین سب شہید ہو گئے ہیں۔ رشتہ درکار ہے۔ لڑکی پڑھی ہوئی ہونی چاہیئے۔ حسب ذیل پتہ پر خط و کتابت فرمائی جاوے۔ معرفت عبد القادر صاحب مولوی فاضل سلسلہ احمدیہ۔ احمدیہ مسجد دہلی دروازہ لاہور

طبیہ عجائب گھر کے مشہور مرکبات

حب جواہر مہرہ عنبری مقوی دل و دماغ ایک ماہ کا کورس پندرہ روپے۔
سونے کی گولیاں:- ایک ماہ کورس چودہ روپے۔ زدجام عشق کلاں۔ ایکماہ کورس چودہ روپے
لبوب کبیر:- آٹھ روپے چھٹانک خمیرہ روح نشاط:- ایک چھٹانک دس روپے
عصائے پیری:- بوڑھوں کو سردی سے بچانے والی مقوی اکسیر ایک ماہ کورس دس روپے
اولاد نرینہ کی اکسیر دوا:- بیس روپے بانجھپن کا مجرب علاج ۲۵ روپے
ٹیلیفون نمبر ۳۵۰۶ طبیہ عجائب گھر رجسٹرڈ پوسٹ بکس نمبر ۴۸۹ لاہور

اصفہانی چائے
ضروری اعلان

یہ بات ہمارے نوٹس میں آئی ہے۔ کہ ہماری چائے عوام کو ہماری مقررکردہ قیمتوں سے زیادہ قیمت پر پرچون فروخت کی جاتی ہے۔ آپ کی اطلاع کے لئے مقررکردہ قیمتیں درج ذیل کی جاتی ہیں

مونٹ بوکے	3-5-0	ایک پونڈ والا پیکٹ
〃	1-10-6	نصف پاؤنڈ 〃
سبز نشان	2-9-0	پونڈ والا پیکٹ
〃	1-4-6	نصف پونڈ والا پیکٹ
پیلا نشان	2-6-0	ایک پونڈ والا پیکٹ
〃	1-4-0	نصف پونڈ والا پیکٹ
〃	0-9-6	چوتھائی پونڈ 〃
سرخ نشان	2-3-0	ایک پونڈ کا پیکٹ
〃	1-6-6	نصف پونڈ 〃
〃	0-4-6	دو اونس کا پیکٹ
〃		تین پیسہ والا پیکٹ نو آنہ درجن
گولڈ ڈسٹ	2-0-0	ایک پونڈ
〃	1-1-0	نصف پونڈ
〃	0-8-6	چوتھائی پونڈ
سٹار ڈسٹ	0-4-3	آٹھواں حصہ پونڈ کا
〃	2-0-0	ایک پونڈ
〃	[illegible]	نصف پونڈ
〃	0-4-9	1/8 پونڈ
〃	0-0-9	فی پیکٹ

مندرجہ بالا قیمت سے زیادہ مت دیں۔ پبلک سے درخواست ہے۔ کہ اگر کوئی ان قیمتوں سے زیادہ قیمت طلب کرے۔ تو اس کی اطلاع ہمیں دی جائے۔
ایم ایم اصفہانی لمیٹڈ میکلوڈ روڈ کراچی۔ اصفہانی ٹی ایجنسی چوک یادگار پشاور سٹی
ایم۔ ایم اصفہانی شاہ دین بلڈنگ مال لاہور۔ اصفہانی ٹی ایجنسی براس روڈ کوئٹہ

ہماری مدد کریں
ہم آپ کی مدد کریں

عبد الرحمن کاغانی اینڈ سنز دواخانہ رحمانی قادیان

کے ہر قسم کے مرکبات مثلاً (۱) محافظ اطفال گولیاں قیمت ڈیڑھ روپیہ تولہ (۲) خدا کی نعمت:- نرینہ اولاد کے لئے قیمت دس روپیہ (۳) حب حمل:- حمل قرار پانے کی مجرب گولیاں قیمت ساڑھے آٹھ روپیہ (۴) حب راحت:- ایام ماہواری کی درستگی کے لئے قیمت ایکماہ کی خوراک ساڑھے تین روپیہ (۵) حب رحمانی:- قوت باہ کے لئے اکسیر ہیں۔ قیمت ایک ماہ کی خوراک بمعہ طلاء آٹھ روپے (۶) زدجام عشق طاقت کی بینظیر گولیاں قیمت ایکروپیہ کی پانچ عدد (۷) سرمہ مقوی افزاء جملہ امراض چشم کیلئے اکسیر ہے۔ قیمت فی تولہ دو روپیہ (۸) سرمہ زندگاری۔ ککروں وغیرہ کیلئے اکسیر ہے۔ قیمت فی تولہ ڈیڑھ روپیہ (۹) سفوف سیلان الرحم۔ عورتوں کیلئے اکسیر ہے۔ قیمت ایکماہ کی خوراک ساڑھے تین روپے (۱۰) سفوف نادوجریان کیلئے اکسیر ہے۔ قیمت ایک ماہ کی خوراک ساڑھے تین روپیہ (۱۱) ست سلاجیت افغانی قیمت فی تولہ بارہ آنہ

آپ مندرجہ ذیل پتہ سے منگوائیں

حکیم حاذق عبد القدیر کاغانی (سند یافتہ) معرفت ڈاکٹر عبد الجلیل خانصاحب اندرون موچی دروازہ لاہور

Digitized by Khilafat Library Rabwah

عرب غیر منصفانہ سلوک برداشت نہیں کر سکتے

لندن ۲۱ دسمبر: عراق کے وزیر اعظم ڈاکٹر فیضل الجمالی نے گلوب کے نمائندہ کو بتایا۔ کہ متحدہ اقوام کی انجمن کے روسی وفد کے ممبر مسٹر گرامیکو کا یہ کہنا کہ فلسطین کی تقسیم کی مخالفت غیر ملکی ایماء پر کی جا رہی ہے۔ کتنا حیران کن ہے جس کا اشارہ صاف صاف الفاظ میں برطانیہ کی طرف ہے۔ جس پر عربوں کو اکسانے کا الزام لگایا جاتا ہے۔ اس کا یہ مطلب ہوا کہ عربوں کو متحدہ اقوام کے غیر قانونی اور غیر منصفانہ فیصلے کے خلاف اکسانے کی ضرورت ہے۔ برطانیہ پر یہ الزام لگاتے ہوئے مسٹر گرامیکو نے عربوں کے وقار اور عزت کا غلط اندازہ لگایا ہے۔ عرب قوم اپنی عزت اور وقار کو قائم رکھنے کے لئے اپنی جانیں قربان کرنے کے لئے تیار رہتے ہیں۔ آخر میں آپ نے کہا کہ میں ان وجوہات کے متعلق جن کی وجہ سے روس نے فلسطین کی تقسیم کے سلسلہ میں ایسا رویہ اختیار کیا۔ نکتہ چینی نہیں کرنا چاہتا۔ بلکہ یہ یقین دلا دینا چاہتا ہوں کہ عرب غیر قانونی اور غیر منصفانہ سلوک کا جواب دیئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ (گلوب)

ہم کمیونزم کو ہرگز نہ پنپنے دینگے

لاہور ۲۲ دسمبر: کل بتاریخ ۱۹ دسمبر ایک پبلک جلسہ میں نواب رشید علی خان صدر مسلم لیگ شہر لاہور نے زمین و صنعت کے قومی سرمایہ قرار دیئے جانے کے متعلق کہا کہ مغربی پنجاب عوام کے فلاح و بہبودی اور خوشحالی سے بے خبر نہیں۔ لیکن پھر بھی ہم کمیونزم سے اخذ کردہ خیالات کو ہرگز یہاں پنپنے نہ دیں گے۔ آپ نے کشمیر اور فلسطین کے متعلق اپنی تقریر میں مسلمانوں کے مصمم ارادے کو ظاہر کیا کہ وہ آخری فتح تک لڑتے رہیں گے۔ پنجاب اسمبلی میں مسلم لیگ پارٹی کے قائمقام صدر شیخ صادق حسن نے پناہ گزینوں کے متعلق ایک ریزولیوشن پیش کیا۔ نیز پروفیسر عنایت اللہ نے ایک ریزولیوشن کشمیر کے متعلق پیش کیا۔ (ا۔ پ)

پناہ گزینوں کے کیمپ کا معائنہ

ملتان ۲۲ دسمبر: پاکستان کے وزیر امور پناہ گزینان و غضنفر نے آج مس مریڈولا سارا بھائی کے ساتھ پناہ گزین کیمپوں کا معائنہ فرمایا کبیر والہ کے مقام پر ایک مہاجرین کے مہاجرین کے بڑے مجمع نے ان کا استقبال کیا۔ اور حکومت سے گرم کپڑے اور رضائیوں کے لئے کمانسب انتظام کرنے کی درخواست کی۔ (ا۔ پ)

ارجنٹائن کے فرانسیسی سفیر لٹ گئے

پیرس ۲۱ دسمبر: ارجنٹائن کے فرانسیسی سفیر جو آج کل کرسمس کی تقریب کے سلسلہ میں یہاں آئے ہوئے ہیں لٹ گئے۔ واقعات اس طرح بیان کئے جاتے ہیں۔ کہ ایک رات پانچ مسلح نوجوان نقاب اوڑھے ہوئے رات کے بارہ بجے کوٹھی میں داخل ہوئے۔ اور بڑی نرمی اور آہستگی سے آپ کو جگایا اور کہا۔ کہ وہ چوری کی غرض سے آئے ہیں۔ اس طرح سے انہوں نے باقی کنبے کے افراد اور نوکروں کو بھی جگایا۔ ایک نوکرانی کو رسے سے باندھ رکھا تھا۔ شکایت کی کہ رسہ تنگ کر رہا ہے۔ تو ایک ڈاکو نے کہا۔ کہ مجھے بہت افسوس ہے۔ اور اس کے ساتھ ہی رستہ ڈھیلا کر دیا۔ ڈاکوؤں نے سب نقدی اور زیورات قبضہ میں لے لینے کے بعد وہاں پر بیٹھ کر کھانا کھایا۔ اس کے بعد وہ جاتی دفعہ کہہ گئے۔ کہ اگر آپ نے کل تک پولیس کو بتایا۔ تو ہم آپ اور کنبے کے دوسرے افراد کو گولی مار دینے پر مجبور ہوں گے۔ ان کے چلے جانے کے بعد کونٹ ڈراسمن نے اپنی زنجیریں توڑ دینے کے بعد نجات حاصل کی۔ اور پولیس کو سب واقعات من و عن ٹیلیفون پر بتائے۔ (گلوب)

جرمنی میں اخباری کاغذ کی صنعت

لندن (بجری تار) جرمنی کے برطانوی علاقے میں اخباری کاغذ کی تیاری میں اضافہ ہو رہا ہے۔ تازہ ترین اطلاعات سے پتہ چلتا ہے کہ پندرہ نومبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں ۵۷۰۵ ٹن نیوز پرنٹ تیار کیا گیا۔ جنگ کے بعد اس ہفتے میں سب سے زیادہ کاغذ تیار ہوا۔ ایک ہزار سے زیادہ رسائل دوبارہ چھپنے لگے ہیں۔ (ب ۔ ا)

بہروں کیلئے امدادی آلہ

لندن (بجری تار) بجلی کا ایک چھوٹا سا آلہ اس مقصد کیلئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے بہروں کو یا اونچا سننے والوں کو مدد مل سکے۔ برٹش میڈیکل ریسرچ کونسل کی ایک رپورٹ میں بتایا گیا ہے۔ کہ آئندہ جولائی میں جب کہ نیشنل ہیلتھ ایکٹ کا نفاذ ہو چکا ہو گا یہ آلہ مفت تقسیم کیا جائے گا۔ یہ آلہ تین سال کی ریسرچ کا نتیجہ ہے۔ (ب ۔ ا)

ریاست بھرتپور کے مندر ہریجنوں کیلئے کھول دیئے گئے

آگرہ ۲۲ دسمبر: ریاست بھرتپور کے مہاراجہ نے ریاست کے تمام مندر ہریجنوں کیلئے کھول دینے کا فیصلہ صادر کیا ہے۔ تمام ریاست میں ڈھنڈورے کے ذریعے مہاراجہ صاحب کے حکم کو لوگوں کے سامنے پڑھ کر سنا دیا گیا ہے۔ (گلوب)

آزاد انٹرنیشنل بریگیڈ میں شمولیت کی اپیل

لاہور ۲۲ دسمبر: آج سٹی مسلم لیگ نے اسلامیہ کالج میں عام جلسہ منعقد ہوا۔ جلسہ میں ریزولیوشن پاس کیا گیا۔ جس میں کشمیر کے جانبازوں کی قربانیوں کو سراہتے ہوئے حکومت ہندوستان کی مذمت کی ہے۔ کہ وہ ڈوگرہ راج کو کشمیریوں پر ٹھونسنا چاہتی ہے۔ جلسہ نے دنیا کے تمام محبان آزادی سے اپیل کی ہے کہ وہ کشمیر کی انٹرنیشنل بریگیڈ میں شامل ہو جائیں۔

جلسہ میں تقسیم فلسطین کے فیصلے کی بھی سخت مذمت کی گئی۔ جس کو بین الاقوامی اصول کے منافی اور سابقہ وعدوں اور اعلانات کے خلاف قرار دیا گیا۔ نیز یہ بھی کہا گیا۔ کہ بیت المقدس کی تقسیم پچھلی مذہبی جنگوں کو زندہ کر دے گی۔ تمام مسلمان لاہور کی طرف سے عربوں کی مدد کا اعلان کیا گیا۔ اور اس بارے میں ہر ممکن قربانی کا یقین دلایا گیا۔

جلسہ میں حکومت سے پناہ گزینوں کی طرف خاص توجہ دینے کی درخواست کی گئی۔ کیونکہ جاڑے کی وجہ سے وہ بیچارے سخت تکلیفیں اٹھا رہے ہیں۔

Digitzed by Khilafat Library Rabwah

لاہور میں مکانوں کی تقسیم کا انتظام

لاہور ۲۲ دسمبر: ایک پولیس نوٹ مظہر ہے۔ کہ پناہ گزینوں کو بسانے والے محکمہ کے افسران نے دن رات میں متواتر بائیس گھنٹے کام کر کے لاہور کارپوریشن کے علاقہ میں مکانات کی تقسیم کا کام نہایت سرعت سے سرانجام دیا ہے۔ ۱۳ دسمبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں چھ سو سات مکانات تقسیم کئے گئے ہیں۔ یعنی سو تراسی حکومت کے ملازمین کو دیئے گئے۔ اور ایک سو اڑتیس غیر سرکاری لوگوں میں تقسیم ہوئے۔ ناجائز تصرف والے ایک سو چھ وہ مکانات پر حکومت نے قبضہ کیا ہے۔ ابھی لاہور میں مزید تقسیم مکانات کا امکان ہے۔ اسی طرح اور ناجائز تصرف والے مکانات پیمانات کے متعلق جو ضرورت سے زائد ہوں۔ بجنسہٖ حکومت کو واپس کر دیئے جائیں۔ تو کام میں سہولت پیدا ہو جائے گی۔ اور وقت ضائع ہونے سے بچ جائیگا۔ (ا۔ پ)

سرنگوں کا بھید نکالنے والے آلے

لندن ۲۱ دسمبر: پچھلے سال ماہ اکتوبر میں بیس ہزار پونڈ کی مالیت کے جواہرات چوری عمل میں آئی تھی۔ محکمہ سکاٹ لینڈ یارڈ سرنگوں کا بھید نکالنے والے آلوں کے ذریعہ ان جواہرات کا سراغ لگانے کی کوشش کر رہا ہے۔ سکاٹ لینڈ یارڈ کو اطلاع ملتی ہے۔ کہ جس محل سے جواہرات چرائے گئے تھے۔ اس محل کے رقبہ میں کہیں دفن ہیں۔ یہ اس وقت کا ذکر ہے۔ جب کہ ڈیوک آف ونڈسر وہاں سکونت پذیر تھے۔ ویسے تمام رقبہ کی خوب چھان بین کی جا چکی ہے۔ مگر جواہرات کا سراغ نہیں مل سکا۔ سکاٹ لینڈ یارڈ کو اس امر کا پختہ یقین ہے۔ کہ ابھی تک جواہرات برطانیہ سے باہر نہیں لیجائے گئے۔ (گلوب)

نیوزی لینڈ کی بھیڑیں

لندن (بجری تار) اس موسم میں نیوزی لینڈ سے بھیڑوں کے ایک کروڑ تیس لاکھ بچے برطانیہ بھیجے جائیں گے۔ اگلے سال نیوزی لینڈ ہر روز ایک ہزار ٹن گوشت انگلستان بھیجا کرے گا۔ اس امر کا اعلان نیوزی لینڈ کے ہائی کمشنر مسٹر جارڈن نے کیا ہے۔ اپنی بین الاقوامی سرگرمیوں سے نیوزی لینڈ ایک باعزت ملک بن چکا ہے۔ (ب ۔ ا)

انٹرنیشنل بریگیڈ میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کی شمولیت

لاہور ۲۲ دسمبر: آزاد کشمیر فوج کے انٹرنیشنل بریگیڈ میں آج میاں امجد حسین صاحب بھی شامل ہو گئے۔ آپ حکومت ہندوستان میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کے عہدہ پر فائز تھے۔ اور اب ریٹائرڈ ہو چکے ہیں۔ آپ سر فضل حسین مرحوم کے برادر خورد ہیں۔ (ا۔ پ)

خان عبد القیوم خان کی تقریر

پشاور ۲۲ دسمبر: صوبہ سرحد کے وزیر اعظم خان عبد القیوم خان نے ہنگو ضلع کوہاٹ میں ایک پبلک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے صوبہ کی صنعتی حالت کو بہتر بنانے کی تلقین کی۔ آپ نے کہا صنعتی بہبودی صوبہ کی اقتصادی حالت کو سدھارنے کیلئے ازحد ضروری ہے اس طرف خاص توجہ کی ضرورت ہے۔

جلسہ سالانہ کے چندہ کی شرح

اخبار الفضل مورخہ ۲۱ فتح صفحہ ۵ پر کاتب کی غلطی سے دس روپے کی بجائے ایک سو بیس روپے لکھے گئے ہیں چندہ جلسہ سالانہ کی شرح سال میں ایک ماہ کی آمد کا دس فی صدی ہے۔ یعنی جس شخص کی سالانہ آمد ۱۲۰۰ ہو۔ وہ اس سال دس روپے چندہ جلسہ سالانہ ادا کرے (ناظر بیت المال)

زمانہ قدیم کی ایک دلچسپ یادگار

لندن ۲۱ دسمبر۔ جانسبرگ کے قریب ایک قدیمی ڈریگن کی ہڈیاں پائی گئی ہیں۔ یقین کیا جاتا ہے۔ کہ اس ڈریگن کی تین آنکھیں تھیں۔ سائنس دانوں کا خیال ہے۔ کہ یہ ڈریگن دس کروڑ سال قبل گذرا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے۔ کہ تیسری آنکھ اس ڈریگن کی پیشانی میں تھی۔ (گلوب)

نوجوانوں کے خیال قول و فعل میں پاکیزگی کی ضرورت

کراچی ۲۲ دسمبر۔ پاکستان کے گورنر جنرل قائد اعظم محمد علی جناح نے گورنمنٹ ہاؤس میں پاکستان کے چیف سکاؤٹ کی حیثیت سے حلف اٹھایا آپ نے اس موقعہ پر پاکستان کے سکاؤٹوں کے نام ایک پیغام پڑھا جس میں آپ نے فرمایا "ایک مفید شہری بنانے کے لئے سکاؤٹنگ ہمارے نوجوانوں کی زندگی میں جسمانی۔ ذہنی اور روحانی تبدیلی پیدا کر سکتی ہے۔ اس تحریک کا اصل مقصد عمل سے تعلق رکھتا ہے۔ نہ کہ قوانین اور وعدوں کو زبانی طور دہرانا یا وردیاں پہن کر محض نمائش و نمائش کے لئے بیج لگانے سے۔ آپ نے مزید فرمایا۔ کہ اگرچہ موجودہ زمانہ ترقی یافتہ اور مہذب سمجھا جاتا ہے۔ لیکن پھر بھی ہم حقیقی دنیا سے ناآشنا ہیں۔ بدقسمتی سے جنگی عہد اب بھی موجود ہے۔ اور جس کی لاٹھی اس کی بھینس کا مقولہ اب بھی کارفرما دکھائی دیتا ہے۔ خود ستائی۔ خود غرضی اور لالچ قومی اور انفرادی جد و جہد میں نمایاں طور پر ظہور پذیر ہیں۔ آپ نے مزید فرمایا کہ اگر ہم ایک خوشحال اور پر مسرت دنیا بنانا چاہتے ہیں۔ تو ہم کو چاہیئے۔ کہ پہلے ہم انفرادیت کی تربیت کریں۔ یہی ہمارا فرض ہے۔ کہ نوجوانوں کی زندگی میں تبدیلی پیدا کریں۔ اور خدمت خلق کا جذبہ ان میں بھر دیں۔ ان کے خیال قول اور فعل کو پاکیزہ بنائیں۔ اگر ہمارے نوجوان خدمت خلق کو بخوبی سمجھ لیں اور اس پر مداومت اختیار کریں۔ اور تمام جبر و تشدد کے اطوار و کردار سے اجتناب کریں۔ تو مجھکو یقین ہے ہم ایک عالمگیر اخوت کو قائم کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ خدا تعالیٰ تمکو جلد کامیاب کرے۔ آمین۔

کورو کشیتر کے پناہ گزینوں کی حالت

نئی دہلی ۲۱ دسمبر۔ کورو کشیتر پناہ گزین کیمپ میں اموات کی تعداد کم ہو رہی ہے اسوقت کیمپ میں تین لاکھ پناہ گزین پناہ لے رہے ہیں گیارہ سے لے کر سترہ دسمبر تک صرف ۱۳۴ اموات واقع ہوئیں۔ اس کے مقابلہ میں ان دنوں جب کہ کیمپ میں نسبتاً کم تعداد تھی۔ چھ ہفتہ میں پچاس سے بھی زیادہ پناہ گزین موت کا شکار ہو رہے تھے۔ (گلوب)

ریاستوں کا مشرقی پنجاب سے الحاق

نئی دہلی ۲۱ دسمبر۔ آج ریاست ملیر کوٹلہ، بلاس پور، سکیت اور منڈی ریاستوں۔ بہار و اندور کے نمائندوں نے شیخ عبداللہ سے ملاقات کی اس ملاقات کے دوران میں نمائندوں نے ریاستوں کے نواحی صوبوں سے الحاق کے متعلق بات چیت کی۔ بلاس پور۔ سکیت و منڈی ان تین ریاستوں کی یہ خواہش ہے۔ کہ ان کا الحاق مشرقی پنجاب سے کیا جائے۔ الحاق چاہتیں ہیں (گلوب)

تبت کے ہندوستان سے تعلقات

کلکتہ ۲۱ دسمبر۔ ہز ہولی نس دلائی لامہ آف تبت کے بھائی کلکتہ تشریف لائے ہیں۔ آپ صوبہ سنکیانگ کی عبادت گاہ کم ہم جارہے ہیں۔ یہ عبادت گاہ تبت کی شمالی جانب واقع ہے۔ ایک ملاقات کے دوران میں آپ نے فرمایا۔ کہ ہندوستان و تبت کے رابطہ اتحاد کو مضبوط تر بنانے کے لئے تبت کا دوستانہ مشن اگلے سال کے شروع میں ہندوستان آئے گا۔ (گلوب)

اردو اور عربی کی باتصویر لغت

لاہور ۲۲ دسمبر۔ ایک اطلاع مظہر ہے۔ کہ ازہر یونیورسٹی کے پروفیسر حسن الاعظمی نے ایک عربی اردو باتصویر لغت مرتب کی ہے۔ خیال ہے۔ کہ یہ اس سلسلہ میں پہلی کتاب ہے ہز میجسٹی شاہ فاروق مصر نے اس کتاب کو بہت پسند کیا۔ کیونکہ آپ کو اس کی پہلی جلد بھیجی گئی تھی۔ آپ نے باقی تین جلدوں کو بھی چھپنے کے بعد طلب فرمایا ہے۔ پروفیسر اعظمی نے ایک اور کتاب "مسلم یونیورسٹی میں پردہ" کے عنوان میں تحریر کی ہے۔ اور ثابت کیا ہے۔ کہ ہندوستان کی مسلم خواتین کا موجودہ پردہ صحیح پردہ نہیں (دوپ)

کنیڈا پاکستان ایسوسی ایشن کا قیام

لاہور ۲۲ دسمبر۔ ٹرنٹو سے ایک رپورٹ موصول ہوئی ہے۔ جس میں بتایا گیا ہے۔ کہ کنیڈا پاکستان ایسوسی ایشن ٹرنٹو میں قائم کی گئی۔ تاکہ دونوں نو آبادیات میں خوشگوار تعلقات استوار ہو جائیں۔ یہ ایسوسی ایشن کنیڈا اور پاکستان کے باشندوں کے نمائندوں کی مجلس میں بنائی گئی جو آرٹس اینڈ ٹال سینٹ ملڈا کالج میں منعقد ہوئی۔ پاکستان کے کنیڈا میں ایک طالب علم مسٹر ایم۔ اے تادین کو کونسلر مقرر کیا گیا ہے (دوپ)

فلسطین میں روسی فتنہ کا علم

لندن ۲۰ دسمبر۔ اکانومسٹ نے فلسطین میں علیحدہ یہودی ریاست قائم کرنے کے فیصلہ سے پیدا شدہ صورت حالات پر تبصرہ کیا ہے۔ اخبار مذکور نے لکھا ہے کہ یہودیوں کی خفیہ فوج کے لیڈر ڈاکٹر شورلوک کو یہودی ریاست کا ڈیفنس منسٹر مقرر کرنیکی تجویز پیش کیجا رہی ہے انہوں نے یروشلم میں اخباری نمائندوں کو بتایا۔ کہ یہودی حکومت روس کیساتھ دوستی رکھے گی۔ روس نے اتحادی اسمبلی کے اجلاس میں یہودیوں کے متعلق جو رویہ اختیار کیا۔ اسے کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ مصری سینیٹ کے صدر حسین پاشا نے گذشتہ ہفتہ قاہرہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا۔ کہ روس نے تقسیم فلسطین کی حمایت

کشمیر میں علم جہاد بلند کرنے والے مجاہد کا بیان

لاہور ۲۲ دسمبر۔ آزاد کشمیر حکومت کے صدر سردار محمد ابراہیم نے ایک پریس کانفرنس میں حکومت پاکستان اور مشرق وسطیٰ اور انڈونیشیا سے مدد کے لئے اپیل کی۔ آپ نے کہا۔ اگر اس وقت ہندو سامراج کو نہ روکا گیا۔ تو یہ سب کو کھا جائیگا اس ۳۳ سالہ نوجوان لیڈر نے جو اپنی حکومت کے وزیر خارجہ بھی ہیں۔ پنڈت نہرو اور سردار پٹیل کے اعلانات کی تردید کی۔ جس میں انہوں نے آزاد کشمیر فوج کو حملہ آور کہا ہے۔ آپ نے ہر دو اصحاب کو آزاد کشمیر فوج کے معائنہ کے لئے دعوت دی۔ تا وہ اپنی آنکھوں سے حقیقت کو دیکھ لیں۔ آپ نے کہا کہ ہماری فوج پونچھ۔ راجوری۔ میرپور۔ مظفر آباد اور وادی کشمیر کے لوگوں پر مشتمل ہے۔ ویسے ہم دوسرے ملکوں کے لوگوں کو جو ہماری آزادی کے لئے لڑنا چاہتے ہیں خوش آمدید کہتے ہیں۔ آپ نے افغانستان۔ قبائلی۔ امریکہ فنلینڈ کے لوگوں کا شکریہ ادا کیا۔ جو انٹرنیشنل بریگیڈ میں شامل ہو کر آزادی کشمیر کیلئے لڑ رہے ہیں۔ آپ نے کہا۔ مگر اصل کام جموں اور کشمیر کے لوگ ہی کر رہے ہیں۔ آپ نے اعلان کیا کہ ہمارے لوگوں نے اپنے وطن کو ڈوگرہ راج اور ہندوستانی ظلموں سے آزاد کرنے کا تہیہ کر لیا ہے۔ پھر آپ نے سردار پٹیل کی جے پور کی تقریر جس میں انہوں نے وادی کشمیر کے لئے دس سال تک لڑائی کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تھا۔ رد نے زنی کرتے ہوئے کہا۔ کہ خاندانی ہٹلر مسولینی ایسے خیالات کا اظہار کر سکتے۔ آپ نے کہا۔ کہ سردار پٹیل کے اس واضح اعلان سے شیخ عبداللہ اور اس کی ساتھیوں کی آنکھیں کھل جانی چاہیئیں کیا شیخ صاحب کشمیر کو دس سال تک میدان جنگ بنانا چاہتے ہیں۔ جو یقیناً یہاں کے رہنے والوں کے لئے ظلم اور مصیبت اور بربادی کا موجب ہے۔ آپ نے جموں اور کشمیر کے مسلمانوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا۔ کہ ان کو بہرصورت ڈوگرہ اور ہندوستانی قاتلوں کو باہر نکال دینا ہو گا۔

آپ نے کہا۔ کہ ہٹلر کی طرح ہندوستان کی حکومت اپنی فوج کی دلیری اور اپنی طاقت پر بہت نازاں ہے۔ مگر ان کو معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ ہمارا جہاد کا جذبہ اور اپنی صداقت کا یقین ناقابل فتح ہے۔ اور خدا کے فضل سے جو انسانی قسمتوں کا مالک ہے۔ ہم اس لڑائی میں فاتح ہوں گے۔ جس طرح یورپ میں ہٹلر اور مسولینی کا خاتمہ ہوا۔ اسی طرح ہم ہندو سامراج کا جموں اور کشمیر میں خاتمہ کر کے چھوڑیں گے (دوپ)

اسلامیہ کالج لاہور میں شاندار اجتماع

سردار عبداللطیف اور محمود ملک کی تقاریر

لاہور ۲۲ دسمبر۔ آج ۲ بجے شام اسلامیہ کالج لاہور میں ایک شاندار اجتماع میں سردار عبداللطیف افغانی پولیٹیکل سیکرٹری حکومت آزاد کشمیر اور مسعود محمود ملک نے نہایت پر جوش تقریر کرتے ہوئے عوام کو یقین دلایا کہ ہم آخری دم تک ڈوگرہ راج کے استیصال کے لئے لڑتے رہیں گے۔ یا تو ہم کشمیر کی آزادی کا فیصلہ کرکے چھوڑیں گے۔ یا ہماری زندگیوں کا فیصلہ ہو جائیگا ہم اگر اس مقدس جہاد میں مارے گئے۔ تو اس کو جاری رکھنے کے لئے ہمارے دوسرے بھائی تیار بیٹھے ہیں اور ان کے بعد ہماری عورتیں شمشیر بکف وادی کشمیر میں ڈوگرہ راج کے خلاف علم جہاد بلند کریں گی۔ سردار پٹیل نے یہ کہا ہے کہ ہم کشمیر میں ہم دس سال تک لڑائی جاری رکھ سکتے ہیں لیکن ہم اسے بتا دینا چاہتے ہیں۔ کہ ہم وہاں عمر بھر لڑنے اور مرنے کے لئے ہر وقت تیار ہیں (دوپ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah